کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کی مجموعی صورتحال، امن وامان، ترقیاتی عمل اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق 28واں دفاعی و جائزہ اجلاس کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس کی مشترکہ صدارت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور کور کمانڈر کوئٹہ نے کی اجلاس میں صوبے کی مجموعی صورتحال، امن و استحکام، ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، عوامی فلاح و بہبود اور مختلف وفاقی وصوبائی اداروں کے درمیان مربوط اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بلوچستان کے درخشاں مستقبل، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا اجلاس میں صوبائی و وفاقی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کی مشترکہ کوششوں کو مزید موثر بنانے، باہمی رابطہ اور تعاون کو بہتر بنانے سمیت صوبے کے وسیع تر مفاد میں مزید اقدامات پر غور کیا گیا اجلاس کے دوران صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے کے اہم علاقوں میں مرحلہ وار سیف سٹی پروجیکٹ فعال کرنے کا اصولی فیصلہ بھی کیا گیا۔ شرکا نے اس منصوبے کو شہریوں کے تحفظ، نگرانی کے نظام میں بہتری اور جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا۔ 28ویں دفاعی و جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ اجلاس باقاعدگی سے منعقد ہو رہا ہے، جس کے نتیجے میں صوبے میں امن و استحکام کے حوالے سے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہر تین ہفتوں بعد منعقد ہونے والے دفاعی و جائزہ اجلاس کا بنیادی مقصد سابقہ اجلاسوں میں کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد کا جائزہ لینا، درپیش مسائل کی نشاندہی کرنا اور ان کے حل کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ باقاعدگی سے ہونے والے اجلاسوں سے اداروں کے درمیان رابطہ بہتر ہوا ہے اور امن و استحکام کے لیے کیے جانے والے اقدامات میں تسلسل پیدا ہوا ہے۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 28 ویں دفاعی جائزہ اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 11

Daily Qudrat Quetta

روزنامہ قدرت کوئٹہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے | چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

جلد 22 | جمعرات 27 اگست 2026ء، 13 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ 140

# عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے

سرفراز بگٹی

## کوئٹہ سمیت صوبے کے اہم علاقوں میں مرحلہ وار سیف سٹی پروجیکٹ فعال کرنے کا اصولی فیصلہ بھی کیا گیا

مت صوبے میں امن و استحکام کے ساتھ ساتھ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 28 ویں وفاقی جائزہ اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی مجموعی صورتحال، امن وامان، ترقیاتی عمل بقیہ 8 صفحہ 6 پر

اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق 28 واں وفاقی جائزہ اجلاس کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ جس کی مشترکہ صدارت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور کور کمانڈر کوئٹہ نے کی اجلاس میں صوبے کی مجموعی صورتحال، امن و استحکام، ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، عوامی فلاح و بہبود اور مختلف وفاقی و صوبائی اداروں کے درمیان مربوط اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بلوچستان کے درخشاں مستقبل، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا اجلاس میں صوبائی و وفاقی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کی مشترکہ کوششوں کو مزید موثر بنانے، باہمی رابطہ اور تعاون کو بہتر بنانے سمیت صوبے کے وسیع تر مفاد میں مزید اقدامات پر غور کیا گیا اجلاس کے دوران صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے کے اہم علاقوں میں مرحلہ وار سیف سٹی پروجیکٹ فعال کرنے کا اصولی فیصلہ بھی کیا گیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No 1

Page No. 12

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

| جلد 29 | جمعہ 28 اگست 2026ء | 14 ربیع الاول | 1448ھ | قیمت 15 روپے | MEMBER OF APNS رجسٹرڈ ایل بی پی-10 | شمارہ 183 |
|---|---|---|---|---|---|---|

FaX:2839867 Ph :2839851

# بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور عوامی خوشحالی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، سرفراز بگٹی

## حکومت امن واستحکام کے ساتھ ساتھ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے، تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی، وزیر اعلیٰ

### بلوچستان کی مجموعی صورتحال، امن وامان، ترقیاتی عمل اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق وفاقی و جائزہ اجلاس، کوئٹہ سمیت صوبے کے اہم علاقوں میں مرحلہ وار سیف سٹی پروجیکٹ فعال کرنے کا اصولی فیصلہ

کوئٹہ(خ ن) بلوچستان کی مجموعی صورتحال، امن و امان، ترقیاتی عمل اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق 28واں وفاقی و جائزہ اجلاس کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس کی مشترکہ صدارت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور کور کمانڈر کوئٹہ نے کی اجلاس میں صوبے کی مجموعی صورتحال، امن و استحکام، ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، عوامی فلاح و بہبود اور مختلف وفاقی و صوبائی اداروں کے درمیان مربوط اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بلوچستان کے درخشاں مستقبل، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا اجلاس میں صوبائی ووفاقی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کی مشترکہ کوششوں کو مزید مؤثر بنانے، باہمی رابطہ اور تعاون کو بہتر بنانے سمیت صوبے کے وسیع تر مفاد میں مزید اقدامات پر غور کیا گیا اجلاس کے دوران صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے کے اہم علاقوں میں مرحلہ وار سیف سٹی پروجیکٹ فعال کرنے کا اصولی فیصلہ بھی کیا گیا۔ شرکاء نے اس منصوبے کو شہریوں کے تحفظ، نگرانی کے نظام میں بہتری اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا۔ 28ویں وفاقی و جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ اجلاس باقاعدگی سے منعقد ہو رہا ہے، جس کے نتیجے میں صوبے میں امن و استحکام کے حوالے سے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہر تین ہفتوں بعد منعقد ہونے والے وفاقی و جائزہ اجلاس کا بنیادی مقصد سابقہ اجلاسوں میں کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد کا جائزہ لینا، درپیش مستقبل کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی اور عوامی مفاد کے منصوبوں پر عملدرآمد میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کرنا ہوگا اجلاس میں وفاقی و صوبائی اداروں، مختلف محکموں اور سیکیورٹی فورسز کے نمائندگان نے شرکت کی۔ شرکاء نے صوبے میں امن وامان کی صورتحال، جاری اقدامات اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اجلاس کے دوران رواں ماہ فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ کارکردگی اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ شرکاء نے دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کے عزم اور مؤثر کارروائیوں کو سراہتے ہوئے امن کے قیام کے لیے جاری کوششوں کو مزید مربوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا اجلاس میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ بلوچستان کے امن، ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے وفاقی و صوبائی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون کا سلسلہ مزید مضبوط بنایا جائے گا اجلاس کے شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے تحفظ، امن و استحکام کے فروغ، ترقیاتی عمل میں تیزی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 13

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد: جمیل الرحمٰن
بیاد: برکت علی

چیف ایڈیٹر: محمد زبیر خان

جلد 77 | جمعۃ المبارک 28 اگست 2026ء 14 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 351

# بلوچستان میں فضائی رابطوں کا فروغ معاشی و سماجی ترقی کیلئے اہم ہے، بگٹی

وسیع رقبے اور دور دراز علاقوں کے پیش نظر بہتر فضائی رابطے عوام کو سفری سہولت فراہم اور تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں بھی معاون ثابت ہو سکتے ہیں

**بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے امور میں پیشہ ورانہ طرز انتظام، شفافیت اور موثر حکمت عملی اختیار کرنے کی ضرورت ہے، بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا تیسرا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا تیسرا اجلاس جمعرات کو یہاں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ڈائریکٹر ایوی ایشن کیپٹن علی آزاد اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے امور، کارکردگی اور مستقبل کے لائحہ عمل (بقیہ 5 صفحہ 2 پر)



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 28 ویں دفاعی جائزہ اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں۔

بروقت تکمیل اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا اجلاس میں صوبائی و وفاقی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کی مشترکہ کوششوں کو مزید موثر بنانے، باہمی رابطہ اور تعاون کو بہتر بنانے سمیت صوبے کے وسیع تر مفاد میں مزید اقدامات پر غور کیا گیا اجلاس کے دوران صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے کے اہم علاقوں میں مرحلہ وار سیف سٹی پروجیکٹ فعال کرنے کا اصولی فیصلہ بھی کیا گیا۔ شرکاء نے اس منصوبے کو شہریوں کے تحفظ، نگرانی کے نظام میں بہتری اور جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا۔ 28 ویں دفاعی و جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ اجلاس باقاعدگی سے منعقد ہو رہا ہے، جس کے نتیجے میں صوبے میں امن و استحکام کے حوالے سے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہر تین ہفتوں بعد منعقد ہونے والے دفاعی و جائزہ اجلاس کا بنیادی مقصد سابقہ اجلاسوں میں کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد کا جائزہ لینا، درپیش مسائل کی نشاندہی کرنا اور ان کے حل کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ باقاعدگی سے ہونے والے اجلاسوں سے اداروں کے درمیان رابطہ بہتر ہوا ہے اور امن و استحکام کے لیے کیے جانے والے اقدامات میں تسلسل پیدا ہوا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور عوامی خوشحالی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ حکومت صوبے میں امن و استحکام کے ساتھ ساتھ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے روشن اور خوشحال مستقبل کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنی

ذمہ داریاں موثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی اور عوامی مفاد کے منصوبوں پر عملدرآمد میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کرنا ہوگا اجلاس میں وفاقی و صوبائی اداروں، مختلف محکموں اور سیکیورٹی فورسز کے نمائندگان نے شرکت کی۔ شرکاء نے صوبے میں امن و امان کی صورتحال، جاری اقدامات اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اجلاس کے دوران رواں ماہ فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ کارکردگی اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ شرکاء نے دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کے عزم اور موثر کارروائیوں کو سراہتے ہوئے امن کے قیام کے لیے جاری کوششوں کو مزید مربوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا اجلاس میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ بلوچستان کے امن، ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے وفاقی و صوبائی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کے درمیان موثر رابطہ اور باہمی تعاون کا سلسلہ مزید مضبوط بنایا جائے گا اجلاس کے شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے تحفظ، امن و استحکام کے فروغ، ترقیاتی عمل میں تیزی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Time
92 NEWS MEDIA GROUP
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1559 QUETTA Friday August 28, 2026 / Rabi'al-Awwal 14 1448

# CM Bugti calls for improved air connectivity to boost Balochistan's economy, tourism

**Staff Report**

**QUETTA:** The third meeting of the Board of Directors of Balochistan Aviation Company, chaired by Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti, was held here on Thursday. The meeting was attended by Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan, Director Aviation Captain Ali Azad and other members of the Board of Directors. The meeting reviewed various issues related to the affairs, performance and future course of action of Balochistan Aviation Company. The participants considered issues related to the promotion of air connectivity in the province, utilization of the opportunities available in the aviation sector and provision of better travel facilities to the people of Balochistan. Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti said that the promotion of air connectivity in Balochistan is important for the economic and social development of the province. Given the vast area and remote areas of the province, better air connectivity not only provides travel convenience to the people but can also help in promoting trade, investment, tourism and economic activities. The Chief Minister stressed the need to adopt a professional management style, transparency and effective strategy in the affairs of the Balochistan Aviation Company and said that the institution should play an active role in the broader interest of the province by aligning it with modern requirements. He said that the government of Balochistan is taking modern and effective steps in all sectors to provide better facilities to the people of Balochistan and promote economic activities in the province. The aviation sector is also an important part of this vision, which requires increasing institutional capacity to advance effectively. The meeting also discussed ways to further improve the performance of the Balochistan Aviation Company, effective use of available resources, and future plans. The Chief Minister directed the concerned authorities to move the affairs of the company forward on a professional basis and prioritize actionable suggestions and plans for the promotion of air connectivity in Balochistan.

In the meeting, the members of the Board of Directors also presented their suggestions related to various matters of the company, while the determination was expressed to ensure effective implementation of the decisions taken in the meeting.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 28 AUG 2026 Page No. 15

## کوئٹہ کے ہسپتالوں میں ایک ہفتے کے اندر آگ بجھانے کے آلات نصب کرنیکا فیصلہ

**ہسپتالوں میں فائر الارم اور جدید آلات دستیاب نہیں، بخت محمد کاکڑ کی زیر صدارت اجلاس**

کوئٹہ (این این آئی) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ کی زیر صدارت اجلاس میں محکمہ صحت کے حکام اور اسپتالوں کے ایم ایس نے شرکت کی اجلاس میں کوئٹہ کے اسپتالوں میں آتشزدگی کی صورت میں انتظامات کا جائزہ لیا گیا محکمہ صحت کے عملے کی جانب سے وزیر صحت کو آتشزدگی کی روک تھام کے حوالے سے بریفنگ میں بتایا گیا کہ کوئٹہ کے سرکاری اسپتالوں میں آگ بجھانے کیلئے فائر ایکسٹنگوشرز موجود ہیں، تاہم اسپتالوں میں فائر الارم اور آگ بجھانے کیلئے جدید آلات دستیاب نہیں ہیں۔ وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے بائیو میڈیکل انجینئر سے اسپتالوں میں فائر نظام سے متعلق رپورٹ طلب کرلی، جو اسپتالوں کا معائنہ کرکے ایک ہفتے میں رپورٹ جمع کرائے گا وزیر صحت بلوچستان کا کہنا تھا کہ ایک ہفتے بعد اسپتالوں میں آگ بجھانے والے جدید آلات لگائے جائیں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## خاران میں 2500 نوجوانوں کو بلاامتیاز روزگار فراہم کیا، شعیب نوشیروانی

**عوام نے ہمیشہ ساتھ دیا ہمارا رشتہ محض سیاسی نہیں بلکہ شفقت، اعتماد و خدمت پر مبنی ہے' مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں**

**خاران کو ترقی یافتہ، جدید طرز کا خوبصورت شہر بنانے کیلئے ماسٹر پلان میں مختلف منصوبے شامل کئے گئے ہیں' صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ خاران کے مختلف دیہاتوں اور دیہی علاقوں کو بلیک ٹاپ سڑکوں سے منسلک کرنا ان کا دیرینہ وژن ہے۔ خاران کے مختلف دیہاتوں کیلئے سڑکوں کی تعمیر کے متعدد منصوبے منظور کئے گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ خاران کے عوام نے ہمیشہ ہمارا ساتھ دیا ہے۔ ان کے ساتھ ہمارا رشتہ محض سیاسی نہیں بلکہ شفقت، اعتماد، خدمت اور خونی رشتے پر مبنی ایک بنیادی تعلق ہے، ہم اپنے حلقے کے عوام کی مشکلات اور بنیادی ضروریات سے بخوبی آگاہ ہیں اور ان کے حل کیلئے تمام دستیاب......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں صوبائی وزیر میر شعیب جان نوشیروانی نے کہا کہ ضلع خاران میں تقریباً ڈھائی ہزار نوجوانوں کو بلاامتیاز روزگار فراہم کیا گیا ہے علاقے میں تعصب اور ناانصافی کی سیاست کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جبکہ خاران کو ایک ترقی یافتہ، جدید طرز کا خوبصورت شہر بنانے کیلئے ماسٹر پلان میں مختلف منصوبے شامل کئے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ خاران کے مختلف گلیوں کو پختہ سڑکوں سے منسلک کرنا عوام کی دیرینہ ضرورت ہے۔ برسوں سے خستہ حال اور کچی سڑکوں کے باعث دور دراز علاقوں میں آباد عوام کو روزمرہ آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا پڑتا ہے۔ نئے منصوبوں کی تکمیل سے ان مشکلات میں نمایاں کمی آئے گی اور عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی۔

## پمز ہسپتال میں آتشزدگی کا واقعہ دل دہلا دینے والا ہے' ظہور بلیدی

**والدین اور اہلخانہ کرب اور ناقابلِ تلافی نقصان سے گزر رہے ہیں' صوبائی وزیر**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے اسلام آباد کے پمز ہسپتال کی نرسری میں پیش آنے والے دلخراش آتشزدگی کے واقعے میں 14 نومولود بچوں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ میر ظہور بلیدی نے جاں بحق ہونے والے معصوم بچوں کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پمز ہسپتال کی نرسری میں......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

آتشزدگی کا المناک واقعہ انتہائی افسوسناک اور دل دہلا دینے والا ہے، جس پر ہر دل غمزدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کے والدین اور اہلخانہ جس کرب اور ناقابلِ تلافی نقصان سے گزر رہے ہیں، اس دکھ میں ہم ان کے برابر کے شریک ہیں۔ اس سانحے نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے۔ صوبائی وزیر نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے معصوم بچوں کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے والدین و لواحقین کو یہ ناقابلِ تلافی نقصان برداشت کرنے کے لیے صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

## ناقص خوراک کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں، 20 مراکز کو جرمانے

**غیر معیاری مصالحہ جات بنانے والا یونٹ سیل، متعدد فوڈ مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کر دیے گئے**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کی ہدایات پر ناقص خوراک کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی صوبہ بھر میں کارروائیاں بلاتعطل جاری ہیں۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے کوئٹہ، حب، حرمزئی پشین اور کوہلو سمیت مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے مجموعی طور پر 20 خوراک کے مراکز و یونٹس پر جرمانے عائد، متعدد مراکز کو اصلاحی نوٹسز جبکہ ایک غیر معیاری مصالحہ جات بنانے والے یونٹ کو سیل کر دیا۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق مشرقی بائی پاس و جنگ اسٹاپ کے علاقوں میں چیکنگ کے دوران......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ناقص صفائی، نان فوڈ گریڈ رنگ، ممنوعہ چائنیز نمک، غیر مناسب اسٹوریج، حشرات کی روک تھام کے ناقص انتظامات اور نامکمل حفاظتی لباس پر ایک مصالحہ یونٹ سیل جبکہ ایک نمکو یونٹ مالک پر جرمانہ عائد کیا گیا۔ خدائیداد روڈ و کاسی روڈ پر 19 مراکز کی چیکنگ کے دوران ناقص صفائی، ویسٹ مینجمنٹ، نامناسب اسٹوریج اور PPE کی خلاف ورزیوں پر 3 یونٹس جرمانہ جبکہ 6 کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ اسی طرح جناح ٹاؤن و ویسٹرن بائی پاس میں معائنے کے دوران ناقص صفائی، ایکسپائرڈ اجزاء، حشرات، غیر محفوظ اسٹوریج اور نامکمل حفاظتی انتظامات پر 5 یونٹس جرمانہ کیے گئے۔ ایئرپورٹ روڈ پر گریڈ کلرز اور کم وزن نان کی فروخت پر 3 یونٹس جرمانہ جبکہ 7 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔

## نور محمد دمڑ کا خانی بابا' زیارت تا سنجاوی روڈ کا افتتاح

**روڈ کا منصوبہ 14.46 ارب کی خطیر لاگت سے تعمیر کیا جا رہا ہے' صوبائی وزیر**

زیارت/سنجاوی (آن لائن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ نے خانی بابا تا زیارت تا سنجاوی روڈ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس اہم شاہراہ کی تعمیر سے زیارت، سنجاوی اور ملحقہ علاقوں کے عوام کو سفری سہولیات کے ساتھ ساتھ تجارتی، کاروباری اور روزگار کے نئے مواقع میسر آنے کی امید ہے افتتاحی تقریب میں پروجیکٹ ڈائریکٹر عصمت اللہ موسیٰ خیل، ٹھیکیدار ایم پی آئی کنسٹرکشن کمپنی......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کے اونر فضل کریم مندوخیل، فوکل پرسن حاجی باز محمد دمڑ، محمد عرفان دمڑ، پی ایس ٹو صوبائی وزیر موسیٰ کاکڑ، ڈسٹرکٹ چیئرمین ستار کاکڑ، ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین حبیب اللہ پانیزئی، قبائلی رہنما غوث پانیزئی، حاجی محمد عظیم، ملک ایاز ترخیل، عزیز اللہ اور عمران پانیزئی، سردار عجب خان تارن اور حاجی اللہ نور سمیت متعلقہ محکموں کے افسران، زیارت اور سنجاوی کے معتبرین و معززین اور علاقے کے دیگر افراد موجود تھے اس موقع پر پروجیکٹ ڈائریکٹر عصمت اللہ موسیٰ خیل نے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ کو خانی بابا تا زیارت تا سنجاوی روڈ کے منصوبے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور منصوبے کے مختلف مراحل، تعمیراتی کام اور پیش رفت سے آگاہ کیا افتتاح کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ خانی بابا تا زیارت تا سنجاوی روڈ کا منصوبہ 14.46 ارب روپے کی خطیر لاگت سے تعمیر کیا جا رہا ہے

CamScanner

# حضور اکرمﷺ کی سیرت طیبہ قیامت تک پوری انسانیت کیلئے مشعل راہ ہے، صوبائی وزراء

**نبی کریم نے انسانوں کے حقوق کے احترام کمزور اور محروم طبقات کی خدمت کا عملی درس دیا، میر سلیم کھوسہ**

**ربیع الاول اس بات کا درس دیتا ہے کہ ہم تقریبات تک محدود رہنے کی بجائے سیرت نبوی پر عمل کریں، محمد خان لہڑی**

**نفرت تعصب فرقہ واریت اور اتحاد اتفاق رواداری اور بھائی چارے کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، بخت کاکڑ**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء نے کہا ہے کہ 12 ربیع الاول پوری امت مسلمہ کے لیے عظیم بابرکت اور تاریخی دن ہے اسی مبارک دن نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی جن کی آمد پوری انسانیت کے لیے رحمت، ہدایت اور نجات کا پیغام ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم کھوسہ، حاجی محمد خان لہڑی نے الگ الگ بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزراء نے کہا ہے کہ حضور اکرمﷺ کی سیرت طیبہ قیامت تک پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے۔ آپﷺ نے انسانیت کو محبت اخوت مساوات رواداری عدل و انصاف صبر و برداشت اور بھائی چارے کا درس دیا۔ موجودہ دور میں امت مسلمہ کو درپیش مسائل، انتشار اور مشکلات کا حقیقی حل بھی تعلیمات نبوی پر صدق دل سے عمل کرنے میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ 12 ربیع الاول ہمیں اس بات کا درس دیتا ہے کہ ہم محض جشن اور تقریبات تک محدود نہ رہیں بلکہ اپنی انفرادی و اجتماعی زندگیوں کو اسوہ حسنہ کے مطابق ڈھالنے کا عہد کریں۔ معاشرے سے نفرت تعصب فرقہ واریت اور باہمی دوریوں کا خاتمہ کر کے اتحاد اتفاق رواداری اور بھائی چارے کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نبی کریمﷺ نے انسانوں کے حقوق کے احترام کمزور اور محروم طبقات کی دستگیری عدل و انصاف کے قیام اور انسانیت کی خدمت کا عملی درس دیا۔ ہمیں چاہیے کہ سیرت طیبہ کی ان سنہری تعلیمات کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنائیں اور ایک پرامن بااخلاق، متحد اور خوشحال معاشرے کے قیام کے لیے اپنا کردار ادا کریں صوبائی وزراء نے 12 ربیع الاول کے موقع پر پوری قوم بالخصوص اہل بلوچستان کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اس بابرکت دن کے موقع پر ملک میں امن، محبت اور بھائی چارے کے فروغ اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے عملی کردار ادا کرنے کا عہد کرنا چاہیے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں نبی کریمﷺ کی سیرت طیبہ پر حقیقی معنوں میں عمل کرنے، پاکستان کو امن و سلامتی، ترقی و خوشحالی اور استحکام عطا کرنے اور امت مسلمہ کو اتحاد و اتفاق کی دولت نصیب فرمانے کی توفیق عطا فرمائے۔

INTEKHAB QUETTA

# بلوچستان میں گیس فراہمی کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے، وزیر پٹرولیم

**تکنیکی رکاوٹوں، بنیادی ڈھانچے کے مسائل اور گیس چوری کا موثر سدباب کیا جائے، صوبے میں گیس کی دستیابی اور سروس بہتر بنانے کیلئے پائیدار حل تلاش کرنے کی ہدایت**

**ایس ایس جی سی ایل کو مالی طور پر مستحکم اور خود کفیل ادارہ بنانے کیلئے جامع اصلاحاتی منصوبہ تیار کرنے کا حکم، یو ایف جی میں 57 فیصد کمی آئی ہے، علی پرویز ملک**

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ (ایس ایس جی سی ایل) کے بورڈ کو ہدایت کی ہے کہ کمپنی کو مالی طور پر مستحکم اور خود کفیل ادارہ بنانے کے لیے جامع حکمت عملی اور پائیدار کاروباری ماڈل مرتب کیا جائے، جبکہ غیر شمار شدہ گیس (یو ایف جی) میں کمی، گیس چوری کی روک تھام، ریونیو ریکوری میں بہتری اور آپریشنل کارکردگی کو ترجیح دی جائے۔ وفاقی وزیر نے کراچی میں ایس ایس جی سی ایل کے چیئرمین، بورڈ آف ڈائریکٹرز، مینجنگ ڈائریکٹر اور سینئر انتظامیہ کے اجلاس کی صدارت کی، جس میں کمپنی کی کارکردگی، کامیابیوں، آپریشنل چیلنجز اور مستقبل کی اصلاحاتی ترجیحات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایس ایس جی سی ایل کے مینجنگ ڈائریکٹر نے کمپنی کی پیش رفت اور درپیش مسائل کے حوالے سے وفاقی وزیر کو بریفنگ دی۔ بقیہ نمبر 7 صفحہ 5 پر

انتظامیہ نے بتایا کہ کمپنی کے گیس ترسیلی نظام میں نمایاں بہتری آئی ہے اور جس کے نتیجے میں غیر شمار شدہ گیس (یو ایف جی) میں تقریباً 57 فیصد کی ریکارڈ کمی کی گئی ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کے الیکٹرک، صنعتی صارفین اور فرٹیلائزر پلانٹس کے لیے گیس کی لوڈشیڈنگ ختم کی جا رہی ہے، جبکہ گھریلو صارفین کو روزانہ تین مرتبہ گیس فراہم کی جا رہی ہے۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران گیس کی قیمتوں میں اضافہ نہیں کیا گیا جبکہ گیس کے گردشی قرضے میں اضافے کو تقریباً روک دیا گیا ہے، جو گیس سیکٹر کے استحکام کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ وفاقی وزیر نے گیس سبسڈی کے موجودہ طریقہ کار پر نظرثانی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تمام صارفین کے لیے منصفانہ اور یکساں گیس قیمت کی جانب پیش رفت کی جائے، جبکہ کمزور طبقات کو بی آئی ایس پی جیسے سماجی تحفظ کے پروگراموں کے ذریعے تحفظ فراہم کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس اقدام سے معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے ساتھ صارفین کی متبادل ایندھن کی جانب منتقلی میں بھی کمی لائی جا سکے گی۔ انہوں نے ایس ایس جی سی ایل بورڈ کو ہدایت کی کہ کمپنی کو خود کفیل بنانے کے لیے کاروباری اصلاحات کا جامع منصوبہ تیار کیا جائے، جس میں انسانی وسائل کی استعداد بڑھانے، نقصانات اور گیس چوری میں کمی، ریونیو ریکوری بہتر بنانے اور دستیاب وسائل کے موثر استعمال کو یقینی بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے۔ سیکرٹری پٹرولیم نے اجلاس کو بتایا کہ اسٹیٹ اونڈ انٹرپرائزز ایکٹ کی روح کے مطابق بورڈ آزادانہ طور پر کام کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بورڈ اپنے مینڈیٹ کے تحت ایس ایس جی سی ایل کی بہتری، کارکردگی اور طویل مدتی پائیداری کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت عالمی بینک کے تعاون سے گیس سیکٹر میں جامع اصلاحات پر کام کر رہی ہے، جن کا مقصد ساختی مسائل کا خاتمہ اور زیادہ موثر، پائیدار اور مالی طور پر مستحکم گیس سیکٹر کا قیام ہے۔ اجلاس میں بلوچستان میں گیس کی فراہمی سے متعلق مسائل کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ایس ایس جی سی ایل بورڈ نے ڈپٹی وزیراعظم کی سربراہی میں بلوچستان کے مسائل کے جائزے کے لیے قائم سیاسی کمیٹی کے قیام کا خیر مقدم کیا اور اسے صوبے کے دیرینہ مسائل کے حل کی جانب مثبت پیش رفت قرار دیا۔ علی پرویز ملک نے بلوچستان میں گیس کی فراہمی کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تکنیکی مسائل، بنیادی ڈھانچے کی رکاوٹوں اور گیس چوری سے موثر انداز میں نمٹا جائے۔ انہوں نے صوبے میں گیس کی دستیابی اور سروس کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے پائیدار حل تلاش کرنے پر زور دیا۔ وفاقی وزیر نے واضح کیا کہ تمام آپریشنل، مالی اور انتظامی فیصلوں میں عوامی خدمت کو اولین ترجیح دی جائے اور کمپنی کی طویل مدتی پائیداری یقینی بنانے کے لیے اصلاحات کا عمل جاری رکھا جائے۔

# بلوچستان میں 9 مطلوب خواتین دہشت گردوں کے سر کی قیمت مقرر

**تعلق گوادر، جیونی اور تربت سے ہے، معلومات دینے والوں کی شناخت پوشیدہ، 10 سے 15 لاکھ روپے انعام دیا جائیگا، حکومت بلوچستان**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان حکومت نے کالعدم تنظیم فتنہ الہندوستان سے وابستہ 9 انتہائی مطلوب خواتین کے بارے میں معلومات فراہم کرنے پر 10 سے 15 لاکھ روپے انعام مقرر کردیا۔ حکومت کے مطابق اطلاع دینے والوں کی شناخت خفیہ رکھی جائے گی۔ مطلوب خواتین کا تعلق گوادر، جیونی اور تربت سے بتایا گیا ہے، جن میں حنیفاں بی بی، عائشہ، رقیہ، حفصہ، زہرہ، امینہ، بانی زرمین اور عزیزاں شامل ہیں۔ آٹھ خواتین کیلئے 10،10 لاکھ جبکہ عزیزاں کیلئے 15 لاکھ روپے انعام مقرر کیا گیا ہے۔ حکومت کے مطابق مذکورہ خواتین امن دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہیں اور خواتین کو ورغلا کر بدامنی پھیلانے کیلئے استعمال کرتی ہیں۔

# بلوچستان پولیس کو جدید اسلحہ آلات اور وسائل فراہم کیے جائیں؟

ماشی ڈیم انکوائری کمیشن

**کھلی عدالت میں سماعت، پولیس کی تفصیلی رپورٹ پیش، آئی جی نے کمیشن کو واقعہ کے محرکات، حملے سے متعلق دستیاب معلومات سے آگاہ کیا**

کوئٹہ (خ ن) ماشی ڈیم پمپنگ اسٹیشن، ضلع زیارت میں پیش آنے والے دہشت گرد حملے کی تحقیقات کے لیے قائم کمیشن آف انکوائری جسٹس محمد عامر نواز رانا نے آج کھلی عدالت میں سماعت کی۔ سماعت میں ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان عبدالطیف کاکڑ، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل جمیل الرحمان، اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل سلطان بزنجو، ایڈیشنل اٹارنی جنرل محمد فرید ڈوگر، ڈپٹی اٹارنی جنرل انور کریم کاسی، پراسیکیوٹر جنرل بلوچستان بہرام خان ترین، ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرلز عبداللطیف کاکڑ اور حبیب اللہ گل، ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل عبدالمتین سمیت دیگر متعلقہ حکام، وکلاء موجود تھے۔ آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر، اے آئی جی لیگل شفیق الرحمان، شہداء کے لواحقین اور قانونی ورثاء، متعدد وکلاء اور کمیشن کے رجسٹرار/سیکرٹری بھی کارروائی میں شریک ہوئے۔



## اے سی سریاب کی نگرانی میں تجاوزات کیخلاف کارروائی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سریاب منصور احمد کی سربراہی میں اسپیشل مجسٹریٹ سریاب اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ زون۔4 کی اینٹی انکروچمنٹ ٹیم کے ہمراہ کسٹم چوک سریاب میں انسداد تجاوزات کارروائی کی گئی۔ کارروائی کے دوران فٹ پاتھ اور سرکاری و عوامی جگہوں پر قائم ڈھابوں، ریڑھیوں اور دیگر سخت و نرم تجاوزات کو ہٹا کر جگہیں واگزار کرائی گئیں۔ تجاوزات قائم کرنے والے افراد کو سختی سے ہدایت کی گئی کہ آئندہ فٹ پاتھ یا عوامی مقامات پر سامان اور دیگر اشیاء نہ رکھیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ قوانین کے تحت سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔



# کوئٹہ، عید میلاد النبی مذہبی جوش و جذبے سے منائی گئی، سیکورٹی کے سخت انتظامات

**2700 سے زائد سیکورٹی اہلکاروں کو تعینات، جلوس کے روٹ کو خاردار تاروں اور مال بردار گاڑیاں کھڑی کر کے بند کیا گیا، روٹ مکمل سیل**

**مختلف علاقوں اور قرب وجوار سے ایک درجن سے زائد ریلیاں باچا خان چوک سے شروع ہونے والے مرکزی جلوس میں شامل ہوگئیں**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ملک بھر کی طرح بلوچستان سمیت کوئٹہ میں جشن عید میلاد النبی مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا کوئٹہ میں عاشقان رسول نے کوئٹہ کے مختلف علاقوں اور قرب جوار سے ایک درجن سے زائد ریلیاں نکالی اور باچا خان چوک سے شروع ہونے والے مرکزی جلوس میں شامل ہوگئیں۔ جس کی قیادت مولانا احمد رضا کمرانی، مفتی مولانا مختیار احمد حبیبی، مفتی جان قاکی، علامہ شہزاد ........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

عطاری، سید حبیب اللہ شاہ چشتی، علامہ حسان حبیبی، مولانا حاجی محمد ظریف رضوی، نعیم احمد مدنی، سائیں حیات سلطان، عاقل باروی، مفتی عبدالرزاق، مولانا نور محمد حسنی سمیت دیگر نے جلوس کی قیادت کی جو لیاقت بازار، جنکشن چوک، مسجد روڈ، قندھاری بازار سے ہوتا ہوا منان چوک پر پہنچ کر اختتام دعا کے بعد ختم ہوگیا۔ باچا خان چوک پر محفل میلاد اور اجتماع منعقد ہوا۔ جلوس کے شرکاء نے بینرز پلے کارڈ اور سبز جھنڈے اٹھا رکھے تھے بینرز اور پلے کارڈ پر حضور پاک کی شان اقدس میں کلمے درج تھے۔ اس کے علاوہ بلوچستان کے طول و ارض نصیر آباد، جعفر آباد، صحبت پور، بختیار آباد، مستونگ، اوستہ محمد، سبی سمیت صوبے بھر میں بارہ ربیع الاول کی مناسبت سے جلوس نکالے گئے جس میں لاکھوں کی تعداد میں عاشقان رسول نے شرکت کی اور کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع اور علاقوں میں محفل میلاد اور مختلف پروگرام منعقد کیے گئے جلوس کی سیکورٹی پر کوئٹہ میں 2700 سے زائد اہلکاروں کو تعینات کیا گیا تھا اور جلوس کے روٹ کو خار دار تاروں اور مال بردار گاڑیاں کھڑی کر کے بند کیا گیا تھا

## بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کی فائر سیفٹی ایڈوائزری جاری

**طبی مراکز میں ہنگامی انخلاء کے راستے واضح، کھلے اور فعال رکھے جائیں**

**ہنگامی حالات میں مریضوں، تیمارداروں اور عملے کو بحفاظت باہر نکالا جائے**

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن نے صوبے بھر کے تمام طبی مراکز کے لیے فائر سیفٹی، ہنگامی تیاری اور انخلاء سے متعلق ایڈوائزری جاری کردی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کے مطابق تمام طبی مراکز میں فائر سیفٹی، ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کی تیاری اور انخلاء کے تقاضوں پر عمل درآمد لازمی قرار دیا گیا ہے۔ کمیشن نے طبی مراکز .......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

کو فائر سیفٹی اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کی تیاریوں کا فوری جائزہ لینے کی ہدایت کی ہے۔ بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن نے ہدایت کی ہے کہ طبی مراکز میں آگ بجھانے کے آلات اور فائر الارم سسٹم کی فعالیت یقینی بنائی جائے۔

# کوئٹہ، 63 منی پیٹرول پمپ سیل، 72 افراد جیل منتقل

**کارروائیاں پشتون آباد، جوائنٹ روڈ، سرکی روڈ، میکانگی روڈ، کاسی روڈ، ایئرپورٹ روڈ پر ہوئیں**

**غیر قانونی منی پیٹرول پمپس کیخلاف کارروائیوں کا سلسلہ بلاتعطل جاری رکھا جائے، ڈی سی کوئٹہ**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے احکامات پر آبادی والے علاقوں میں قائم غیر قانونی منی پیٹرول پمپس کے خلاف ضلعی انتظامیہ نے سخت کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 63 منی پیٹرول پمپس سیل جبکہ 72 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کردیا یہ کارروائیاں پشتون آباد، جوائنٹ روڈ، سرکی روڈ، فقیر محمد روڈ، میکانگی روڈ، کاسی روڈ، عالموں چوک، ایئرپورٹ روڈ، نوحصار کلی، سنگھی، خروٹ آباد سمیت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کی گئیں ......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

آپریشن اسسٹنٹ کمشنر سٹی محمد امیر حمزہ، اسسٹنٹ کمشنر صدر محمد یوسف ہاشمی، اسسٹنٹ کمشنر کچلاک کیپٹن (ر) کبیر مزاری اور ایڈیشنل مجسٹریٹ اعجاز حسین کھوسہ کی زیر نگرانی ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی ٹیموں نے کیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق حالیہ پشین اسٹاپ واقعہ کے بعد آبادی والے علاقوں میں قائم منی پیٹرول پمپس کے خلاف کارروائی مزید تیز کردی گئی ہے۔ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور آتشزدگی کے خطرات کو مد نظر رکھتے ہوئے آبادی والے علاقوں میں غیر قانونی منی پیٹرول پمپس کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی ہے کہ غیر قانونی منی پیٹرول پمپس کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ بلاتعطل جاری رکھا جائے اور عوامی تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

## وزیرستان طرز آپریشن کے بلوچ سماج پر تباہ کن اثرات ہونگے

[illegible]

**سیاست، عدلیہ اور صحافت آزاد نہیں، سیاسی و معاشی صورتحال بھی ابتر ہوتی جارہی ہے**

تربت (نامہ نگار) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حالات تیزی سے ابتری کی طرف جا رہے ہیں، سیاست آزاد نہیں، عدلیہ آزاد نہیں اور صحافت بھی آزاد نہیں، تاہم تمام [illegible] کے باوجود سیاسی راستہ نکالنا ہوگا۔ وزیرستان طرز کے کسی بھی آپریشن کے بلوچ سماج پر منفی اور تباہ کن اثرات مرتب ہوں گے۔ موجودہ حالات انتہائی نازک اور گھمبیر ہو چکے ہیں، شاہراہیں بند، سڑکیں غیر محفوظ، بھتہ خوری اور بدامنی کا سلسلہ جاری ہے جبکہ سیاسی و معاشی صورتحال بھی ابتر ہوتی جارہی ہے۔

## شاہرگ میں ایک شخص کی شہادت، چار افراد کا اغواء قابل مذمت ہے، اے این پی

**آئے روز نہتے عوام کو دہشت گردی اور بدامنی کی بھینٹ چڑھایا جارہا ہے، ریاست عوام کی جان و مال کے تحفظ میں ناکام ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں ضلع ہرنائی کی تحصیل شاہرگ میں مقامی رہائشیوں پر فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص کی شہادت اور دیگر ساتھیوں کے اغوا کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ صوبے میں آئے روز نہتے عوام کو دہشت گردی اور بدامنی کی بھینٹ چڑھایا جارہا ہے مگر ریاست اور حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ میں ناکام ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ مسلسل رونما ہونے والے واقعات کے پس پردہ عوامل اور مذموم عزائم سے پشتون اولس بخوبی آگاہ ہو چکی ہے یہاں کے باسیوں کو ان کی آبائی اور جدی پشتی زمینوں سے بے دخل کرنے اور وسائل پر قبضہ کرنے کی کوششیں ناقابل قبول ہیں۔

## صوبائی دارالحکومت تمام سہولیات سے محروم، حکومت کہیں نظر نہیں آتی، نیشنل پارٹی

**امن و امان کی ابتر صورتحال نے صوبے کو سیاسی و معاشی طور پر مفلوج کر کے رکھ دیا ہے، رہنماؤں کا خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر میر شاہ اس حاصل بزنجو، مرکزی ترجمان علی احمد لانگو، ممبران مرکزی کمیٹی میر عبدالخالق بلوچ، چیئرمین محراب بلوچ، نیاز بلوچ، ڈاکٹر رمضان ہزارہ نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت صوبے میں کہیں نظر نہیں آتی، پوری بلوچستان حکومت کوئٹہ میں موجود ہے لیکن کوئٹہ تمام بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ پانی، بجلی، گیس سمیت دیگر سہولیات عوام کو میسر نہیں۔ 4 ستمبر کو پارٹی کا جلسہ اہمیت کا حامل ہوگا، ہزارہ قوم نے کوئٹہ سمیت بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ ڈاکٹر رمضان ہزارہ کی قیادت میں نیشنل پارٹی ہزارہ قوم میں روز بروز مقبولیت حاصل کر رہی ہے۔

## سریاب، کیچی بیگ میں فورسز کے چھاپوں، گرفتاریوں اور گھروں میں توڑ پھوڑ قابل مذمت ہے، بیان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں سریاب، کیچی بیگ میں گزشتہ روز فورسز کے چھاپوں، گرفتاریوں اور گھروں میں مبینہ طور پر توڑ پھوڑ کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ آئے روز سریاب میں چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کیا جارہا ہے جو کسی طور بھی قابل قبول نہیں۔ گزشتہ روز نیشنل پارٹی کے رہنماؤں کے گھروں پر چھاپے مارے گئے، کارکنان کو گرفتار کیا گیا اور گھروں سے قیمتی اشیاء لے جانے کے ساتھ توڑ پھوڑ بھی کی گئی۔

## شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں، پشتونخوا نیپ

**شاہرگ اور ژوب کے واقعات انتظامی رٹ پر سوالیہ نشان ہیں، مغویوں کو بازیاب کرایا جائے، بیان**

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے ضلع ہرنائی کے علاقے شاہرگ میں خلیفت پہاڑ کے دامن میں مسلح افراد کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کلی فیض آباد کے رہائشی ایند حسن اور لکڑیاں لینے گئے تھے کہ انہیں نشانہ بنایا گیا، حملے میں عبدالخالق شہید جبکہ عیسیٰ کل زخمی ہوگئے، مسلح افراد چار کمسن بچوں کو بھی اغوا کر کے لے گئے۔

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے ضلع ژوب سے کمسن طالب علم بریال خان مندوخیل کے اغوا کی مذمت کرتے ہوئے حکومت اور سیکیورٹی انتظامیہ سے مغوی کی فوری اور بحفاظت بازیابی کا مطالبہ کیا ہے۔ پارٹی نے کہا کہ ژوب اور ملحقہ علاقوں میں جرائم پیشہ گروہ کافی عرصے سے سرگرم ہیں، جن کی کارروائیوں سے عوام میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ انتظامیہ کو متعدد بار آگاہ کیے جانے کے باوجود مؤثر کارروائی نہ ہونا تشویشناک ہے۔



## بلوچستان کی سیاسی صورتحال پر کراچی میں اہم مشاورتی نشست

**شاہد کچکی، میر جان جمالی، میر یعقوب بزنجو کا سیاسی مکالمے اور عوامی شمولیت کے فروغ پر اتفاق**

تربت (نمائندہ انتخاب) مکران عوامی کاروان کے چیئرمین شاہد کچکی نے کراچی میں ایک اہم سیاسی و مشاورتی نشست میں شرکت کی جس میں بلوچستان کی موجودہ سیاسی، سماجی اور عوامی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، اجلاس میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جان محمد جمالی،

بقیہ نمبر 49 صفحہ 5 پر

سابق رکن قومی اسمبلی میر یعقوب بزنجو، بیسٹر افتخار حسین اور بلوچستان عوامی پارٹی کے وائس چیئرمین میر فاروق خان جمالی سمیت دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی، ملاقات کے دوران بلوچستان میں موجودہ سیاسی حالات، عوامی مسائل، نوجوانوں کے کردار، سماجی و معاشی ترقی، روزگار کے مواقع اور صوبے میں پائیدار امن و استحکام کے لیے مختلف امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی، شرکاء نے اس امر پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کے مسائل کے حل کے لیے سیاسی مکالمے، باہمی مشاورت، عوامی شمولیت اور عملی اقدامات کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور انہیں مثبت، تعمیری اور ترقیاتی سرگرمیوں سے جوڑنے پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا گیا، شاہد کچکی نے کہا کہ بلوچستان کے روشن مستقبل کے لیے سیاسی قیادت، نوجوانوں اور معاشرے کے تمام طبقات کو مل کر ایک مثبت اور تعمیری کردار ادا کرنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے پائیدار حل اور خطے کی ترقی کے لیے مسلسل رابطے اور سنجیدہ سیاسی و سماجی مکالمہ ناگزیر ہے۔

## خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں فورسز کی کارروائیاں، 11 دہشت گرد ہلاک

[illegible]

کوئٹہ، پشاور (این این آئی) سکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں مختلف اور [illegible]

## بولان میں سی ٹی ڈی کا آپریشن، 3 دہشتگرد ہلاک، اسلحہ برآمد

فائرنگ کے تبادلے کے بعد علاقے میں سرچ آپریشن جاری، لاشیں ہسپتال منتقل

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بولان میں سی ٹی ڈی نے خفیہ اطلاع پر چار گھنٹہ آپریشن کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے میں 3 مبینہ دہشتگردوں کو ہلاک کردیا جبکہ ان کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کرلیا۔ سی ٹی ڈی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران دہشتگردوں اور اہلکاروں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس پر مزید نفری طلب کی گئی۔ تینوں دہشتگردوں کی ہلاکت کے بعد علاقے کی ناکہ بندی کرکے مزید سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا، جبکہ ہلاک افراد کی لاشیں سخت سکیورٹی میں ٹیچنگ ہسپتال منتقل کی جارہی ہیں۔

## شاہرگ: فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، 2 زخمی، 4 کو اغوا کرلیا گیا

مسلح افراد نے پہاڑی سلسلے سے لکڑیاں چننے والوں کو نشانہ بنایا، مغویوں کی تلاش جاری

ہرنائی (نامہ نگار) ضلع ہرنائی کی تحصیل شاہرگ کے علاقے کوہ خلیفت گل میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، ایک خاتون سمیت دو افراد زخمی ہوگئے جبکہ چار افراد کو اغوا کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ اس وقت پیش آیا جب متاثرہ افراد قریبی پہاڑی سلسلے سے گھریلو استعمال کے لیے لکڑیاں جمع کررہے تھے۔ مارے جانے والے شخص کی شناخت عبدالرزاق ترین سکنہ کلی پشتون آباد شاہرگ کے نام سے ہوئی ہے۔

## ڈیرہ مراد جمالی، رہزنوں نے سبزی فروشوں کو لوٹ لیا، مزاحمت پر ایک قتل، 2 زخمی

دو موٹر سائیکلیں، موبائل فونز اور دیگر سامان چھین کر فرار، واقعے کیخلاف سبزی فروشوں کا احتجاج

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے میں ڈکیتی کی واردات نامعلوم ڈاکوؤں نے سبزی فروشوں سے دو موٹر سائیکلیں قیمتی موبائل اور دیگر سامان چھین کر مزاحمت کرنے پر ایک سبزی فروش کو ہلاک کرکے فرار ہوگئے واقعے کیخلاف سبزی فروش سراپا احتجاج بن گئے۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے پولیس تھانہ منگولی کی حدود میں نامعلوم ڈاکوؤں نے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کرکے چار سبزی فروشوں سے ہزاروں روپے نقدی قیمتی موبائل اور دیگر سامان چھین لیا جبکہ مزاحمت کرنے پر ایک سبزی فروش کو ہلاک جبکہ دو کو زخمی کرکے نامعلوم مقام کی طرف فرار ہوگئے۔

## ڈیرہ مراد جمالی، بجلی کے ٹاور میں نصب دھماکہ خیز مواد برآمد

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے میں بجلی کے ٹاور میں نصب دھماکہ خیز مواد برآمد کرلیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے پولیس محسن کی حدود میں نامعلوم افراد کی جانب سے بجلی کے 220 کے وی ٹاور میں دھماکہ خیز مواد سے نصب کیا گیا تھا جس کو پولیس وسیکورٹی فورسز نے برآمد کرکے تخریب کاری کی کوشش ناکام بنادی۔

## خاران: دکانداروں کو لوٹنے والے ڈاکو شہریوں کے تعاون سے گرفتار

دو دکانداروں کو لوٹ کر ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش میں پکڑے گئے، تفتیش کا آغاز

خاران (نامہ نگار) شہر میں دن دہاڑے مسلح ڈاکوؤں نے متعدد دکانداروں کو لوٹ لیا، پولیس نے عوام کی مدد سے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا، تفصیلات کے مطابق خاران شہر کے سبزی منڈی بازار میں چار ڈاکوؤں نے دو موٹر سائیکلوں پر سوار ہوکر عصمت اللہ اور چندر کمار کی دکانوں پر اسلحہ کی زور پر ان سے نقدی لوٹ کر ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش کی تاہم پولیس نے موقع پر پہنچ کر شہریوں کی مدد سے مبینہ ڈاکوؤں کو گرفتار کیا جن سے تفتیش شروع کردی ہے۔

## کچلاک بائی پاس پر فائرنگ، افغان شہری جاں بحق

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کچلاک بائی پاس پر ڈی ایچ اے کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے افغانستان کے صوبہ ہلمند کے رہائشی شخص کو ہلاک کردیا اور فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق اطلاع ملنے پر اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر لاش ہسپتال منتقل کی، جہاں ضروری کارروائی کے بعد مردہ خانے میں رکھ دی گئی۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں۔

## ڈیرہ اللہ یار بائی پاس پر پولیس کیساتھ فائرنگ کے تبادلے میں ایک ڈاکو ہلاک

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ اللہ یار بائی پاس پر پولیس اور مبینہ ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ایک ڈاکو ہلاک جبکہ دیگر ساتھی فرار ہوگئے پولیس ایک مسروقہ موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد کرلیا پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار بائی پاس قومی شاہراہ پر پولیس اور مبینہ ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس میں ایک مبینہ ڈاکو ہلاک ہوگیا جبکہ اس کے ساتھی فرار ہوگئے۔

## ژوب سے اغواء ہونے والا لڑکا بازیاب، 3 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے ژوب سے اغواء ہونے والے لڑکے کو بازیاب کراکر 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ژوب سے بریال خان کے اغواء کا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوٹس لیتے ہوئے پولیس کو فوری طور پر اس کو بحفاظت بازیاب کرانے کے احکامات جاری کیے تھے جس پر ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مغوی بریال خان کو بازیاب کراکر ملزمان صابر شاہ، عبدالسلام اور انعام اللہ کو گرفتار کرکے اس کے اہلخانہ کے حوالے کردیا۔



## کچلاک: مسلح افراد کی فائرنگ سے افغان شہری ہلاک

واقعہ کچلاک بائی پاس پر پیش آیا، مقتول ہلمند کا رہائشی تھا، حکام

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کچلاک بائی پاس پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے افغانستان کے شہری کو قتل کردیا لاش ہسپتال منتقل کردی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کچلاک بائی پاس پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا لاش ہسپتال منتقل کردی گئی مقتول افغانستان کے علاقے ہلمند کا رہائشی بتایا جاتا ہے مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

## مستونگ: قومی شاہراہ پر دو پلوں کو دھماکہ سے اڑا دیا گیا

بارکھان میں موبائل ٹاور، دالبندین میں ریسٹ ہاؤس نذر آتش

کوئٹہ (سٹی رپورٹر+ آن لائن) اندرون بلوچستان شرپسندی کے مختلف واقعات میں مستونگ میں قومی شاہراہ پر قائم پلوں کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا، بارکھان میں......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

موبائل ٹاور کی مشینری جلادی گئی جبکہ دالبندین میں سرکاری ریسٹ ہاؤس نذر آتش کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق مستونگ کے علاقے میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر واقع 2 پلوں کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس سے پلوں کو شدید نقصان پہنچا اور ٹریفک کی آمدورفت معطل ہوگئی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز نامعلوم ملزمان نے قومی شاہراہ پر درینگڑھ کے قریب اور دوسرے مقام پر دو پلوں کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا جس سے پلوں کو نقصان پہنچا جبکہ ٹریفک کی آمدورفت معطل ہوگئی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 28 AUG 2026

Page No. 20


## خانوزئی سٹی فیڈر پر 20 گھنٹے لوڈشیڈنگ جاری

**بجلی نہ ہونے کی وجہ سے علاقے میں کاروبار زندگی ٹھپ**

خانوزئی (نامہ نگار) خانوزئی سٹی فیڈر پر 20 گھنٹے لوڈشیڈنگ جاری ہے مکمل اندھیرا عوام بجلی کے ناروا لوڈشیڈنگ کے خلاف خاموشی توڑ دے صارفین سے ماہوار لاکھوں روپے بل لیا جاتا ہے بجلی نہیں دے سکتا ہے خانوزئی سٹی فیڈر پر عرصہ دو سال سے کیسکو کی طرف سے ظلم ناانصافی شروع ہے بجلی کے نہ ہونے کی وجہ سے سٹی فیڈر کے عوام پریشان گھروں دوکانوں مکانوں میں شدید گرمی پر بچوں میں سامان خراب بچے بوڑھے بیمار سخت پریشانی کے ضد میں ہے بجلی نہ ہونے کی وجہ سے گھریلوں زندگی سخت متاثر ہوچکی ہے ناروا لوڈشیڈنگ کی وجہ سے کمرشل صارفین کا کاروبار کو سخت نقصان ہوا ہے زرعی فیڈروں کے خاتمے کی وجہ کیسکو اہلکاروں کا کاروبار متاثر ہوگیا زراعت کے حوالے سے بجلی کا بچت ہوگیا لیکن مصنوعی کمی کا ذمہ دار کون ہوسکتا ہے زرعی فیڈروں کی بہت سارا بجلی بھی غائب ہوتی گھریلوں صارفین اور کمرشل صارفین کا ماہوار بل لاکھوں کی حساب سے جمع ہوتا ہے لیکن بجلی منٹوں کی حساب سے بھی نہیں ملتا ہے بلوچستان کے عوام ساتھ سوتیلی ماں کا سلوک جاری ہے دیگر صوبوں میں بجلی کا ترسیل پورا ہے

## خضدار، غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ پر شدید تشویش کا اظہار

**عوام اب مزید صبر کرنے کی پوزیشن میں نہیں، شہری ایکشن کمیٹی**

خضدار (بیورو رپورٹ) آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار نے خضدار سٹی میں بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کمیٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ کیسکو حکام ہر اجلاس میں فکس ٹائم کا وعدہ کرتے ہیں لیکن چند گھنٹوں بعد ہی بجلی بند کردی جاتی ہے۔ انہوں نے اسے شہریوں کے ساتھ کھلی ناانصافی قرار دیتے ہوئے فوری طور پر اعلانیہ شیڈول کے مطابق بجلی کی فراہمی کا مطالبہ کیا ہے۔ شہری ایکشن کمیٹی کے مطابق گزشتہ کئی ہفتوں سے خضدار سٹی میں بجلی کی بندش کا دورانیہ کئی گھنٹوں تک پہنچ چکا ہے۔ دن اور رات کسی وقت بھی بغیر کسی اطلاع کے بجلی غائب ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے گھریلو صارفین، تاجر برادری اور طلبہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ گرمی کی شدت میں اضافے کے ساتھ پانی کی قلت بھی پیدا ہوگئی ہے

## خضدار، مہنگائی نے لوگوں کا جینا حرام کردیا

**آمدن محدود جبکہ اخراجات میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے، شہری**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں مصنوعی مہنگائی غریب اور متوسط طبقہ شدید متاثر مہنگائی نے لوگوں کا جینا حرام کردیا ہے شہر میں ناپ تول اور نرخنامہ مقرر کرنے والے متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے میں بری طرح ناکام ہے۔ ان خیالات کا اظہار خضدار عوامی حلقوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا شہر میں مصنوعی بڑھتی ہوئی مہنگائی نے عوام کی قوت خرید جواب دے چکی ہیا اور روزمرہ زندگی مشکلات کا شکار بن چکا ہے شہر میں روزمرہ اشیاء کی استعمال جن میں آٹا، چاول، دالیں، سبزیاں، خوردنی تیل، گیس اور ودیگر اشیاء خورونوش شامل ہیں ان کے قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جس کے باعث عام شہری شدید مالی دباؤ میں مبتلا ہورہا ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ آمدن محدود جبکہ اخراجات میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے۔ جس سے گھریلو بجٹ بری طرح متاثر ہورہا ہے مہنگائی سے تنخواہ دار مزدور دیہاڑی دار طبقہ سب سے زیادہ متاثر جنہیں دو وقت کی روٹی کے حصول کے لیے بھی شدید مشکلات کا سامنا کررہا ہے


Century Express Quetta


## میرے دو بھائی تین ماہ سے گھر سے غائب ہیں، محمد یوسف

**اگر کسی کالعدم تنظیم سے تعلق ہوا تو ہمارا کوئی تعلق نہیں ہوگا، پریس کانفرنس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے سریاب کے رہائشی محمد یوسف نے کہا ہے کہ میرے 2 بھائی گزشتہ 3 ماہ سے گھر سے غائب ہیں ان کے بارے میں کوئی معلومات نہیں اگر ان کا کسی کالعدم تنظیم یا ریاست مخالف گروہ سے تعلق ہوا تو میرا اور میرے خاندان ان سے کوئی تعلق نہیں ہوگا، یہ بات انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہم محلہ کلی شاہنواز سریاب روڈ کے رہائشی ہیں میرے دو بھائی یونس اور سلمان گزشتہ 3 ماہ سے گھر سے غائب ہیں بہت تلاش کرنے پر بھی ان کے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہوسکا اگر ان کا کسی کالعدم تنظیم یا ریاست مخالف گروہ سے تعلق ہوا تو ہمارا ان سے کوئی تعلق واسطہ نہیں ہوگا۔


INTEKHAB QUETTA


## سوراب کے واپڈا کی مبینہ بے ضابطگیوں پر عوام سراپا احتجاج

**بجلی کی طویل اور بار بار بندش نے معمولات زندگی مفلوج کر کے رکھ دی ہے، گھریلو صارفین، تاجر، طلبہ، کاروباری حضرات، مریض اور دیگر شہری شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، مظاہرین**

سوراب (نامہ نگار) میں بجلی بحران، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور واپڈا کی مبینہ بے ضابطگیوں پر اہل سوراب سراپا احتجاج، بحران، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور عوامی شکایات میں مسلسل اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے شہریوں کے مطابق بجلی کی طویل اور بار بار بندش نے معمولات زندگی مفلوج کر دیے ہیں۔ گھریلو صارفین، تاجر، طلبہ، کاروباری حضرات، مریض اور دیگر شہری شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ خصوصاً غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے مستند ذرائع کو واپڈا اہلکاروں کے حوالے سے مبینہ غیر قانونی، اور اختیارات کے ناجائز استعمال سے متعلق عوامی شکایات بھی موصول ہو رہی ہیں۔ ان شکایات میں بجلی کی مبینہ غیر منصفانہ تقسیم، صارفین کے ساتھ نامناسب رویہ، مبینہ غیر قانونی کنکشن، شکایات کے ازالے میں عدم دلچسپی اور دیگر مبینہ بے ضابطگیاں شامل ہیں سوراب میں بجلی کے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کیخلاف آج سوراب میں خرید وفروخت کے تمام مراکز بطور احتجاج بند رہیں۔ متعلقہ اعلیٰ حکام فوری طور پر ان شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے شفاف، غیر جانب دار اور مکمل تحقیقات کرائیں سوراب کے عوام کا مطالبہ ہے کہ سوراب میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے، بجلی کی فراہمی کا منصفانہ نظام یقینی بنایا جائے عوامی شکایات کے ازالے کے لیے موثر طریقہ کار وضع کیا جائے اور اگر کسی اہلکار کے خلاف قانون شکنی یا اختیارات کے ناجائز استعمال کے الزامات تحقیقات میں ثابت ہوں تو اس کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے سوراب کے عوام بنیادی سہولیات کے حصول کے حق دار ہیں۔ بجلی کوئی عیاشی نہیں بلکہ آج کے دور کی بنیادی ضرورت ہے۔ متعلقہ اداروں کو چاہیے کہ عوامی مشکلات کا فوری ازالہ کرتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔

## خضدار مہنگائی سے متوسط طبقہ متاثر، منافع خوروں کیخلاف کارروائی کا مطالبہ

**بازار میں اشیائے ضروریہ من مانی قیمتوں پر فروخت کی جا رہی ہیں عوام رل گئے فوری طور پر قیمتوں کی نگرانی کیلئے اقدامات کیے جائیں، عوامی حلقے**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں مصنوعی مہنگائی غریب اور متوسط طبقہ شدید متاثر مہنگائی نے لوگوں کا جینا حرام کردیا ہے شہر میں ناپ تول اور نرخنامہ مقرر کرنے والے متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے میں بری طرح ناکام ہے۔ ان خیالات کا اظہار خضدار عوامی حلقوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا شہر میں مصنوعی بڑھتی ہوئی مہنگائی نے عوام کی قوت خرید جواب دے چکی ہیا اور روزمرہ زندگی مشکلات کا شکار بن چکا ہے شہر میں روزمرہ اشیاء کی استعمال جن میں آٹا، چاول، دالیں، سبزیاں، خوردنی تیل، گیس اور ودیگر اشیاء خوردونوش شامل ہیں ان کے قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جس کے باعث عام شہری شدید مالی دباؤ میں مبتلا ہورہا ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ آمدن محدود جبکہ اخراجات میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے جس سے گھریلو بجٹ بری طرح متاثر ہو رہا ہے مہنگائی سے تنخواہ دار مزدور دیہاڑی دار طبقہ سب سے زیادہ متاثر جنہیں دو وقت کی روٹی کے حصول کے لیے بھی شدید مشکلات کا سامنا کررہا ہے بازار میں اشیائے ضروریہ من مانی قیمتوں پر فروخت کی جا رہی ہیں عوام رل گئی ہیں عوامی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر قیمتوں کی نگرانی کے لیے اقدامات کیے جائیں اور ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لاکر عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

## خضدار غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے معمولات زندگی درہم برہم ہوگئے

آل پارٹیز ایکشن کمیٹی

**کیسکو حکام ہر اجلاس میں فکس ٹائم کا وعدہ کرتے ہیں لیکن چند گھنٹوں بعد ہی بجلی بند کردی جاتی ہے حکام بالا سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

خضدار (بیورو رپورٹ) آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار نے خضدار سٹی میں بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کمیٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ کیسکو حکام ہر اجلاس میں فکس ٹائم کا وعدہ کرتے ہیں لیکن چند گھنٹوں بعد ہی بجلی بند کر دی جاتی ہے۔ انہوں نے اسے شہریوں کے ساتھ کھلی ناانصافی قرار دیتے ہوئے فوری طور پر اعلانیہ شیڈول کے مطابق بجلی کی فراہمی کا مطالبہ کیا ہے۔ شہری ایکشن کمیٹی کے مطابق گزشتہ کئی ہفتوں سے خضدار سٹی میں بجلی کی بندش کا دورانیہ کئی گھنٹوں تک پہنچ چکا ہے۔ دن اور رات کسی وقت بھی بغیر کسی اطلاع کے بجلی غائب ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے گھریلو صارفین، تاجر برادری اور طلبہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ گرمی کی شدت میں اضافے کے ساتھ پانی کی قلت بھی پیدا ہوگئی ہے کیونکہ واٹر سپلائی کا نظام بجلی سے منسلک ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ کیسکو اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ متعدد بار میٹنگز ہو چکی ہیں۔ ہر بار حکام کی جانب سے یقین دہانی کرائی جاتی ہے کہ اب لوڈشیڈنگ کا شیڈول مقرر رہے گا۔ لیکن معاہدے کے چند ہی گھنٹے بعد وہی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ شروع کردی جاتی ہے۔ اس رویے سے عوام کا اداروں پر اعتماد مجروح ہو رہا ہے۔ آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی نے خبردار کیا ہے کہ اگر صورتحال بہتر نہ ہوئی تو وہ احتجاج کا دائرہ وسیع کریں گے۔ اس میں شٹر ڈاؤن ہڑتال، دھرنا اور کیسکو آفس کے سامنے مظاہرے شامل ہوں گے۔ کمیٹی نے کہا کہ عوام اب مزید صبر کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں تاجر برادری نے بھی کمیٹی کے موقف کی حمایت کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ کاروبار پہلے ہی مہنگائی کا شکار ہے۔ بجلی کی غیر یقینی صورتحال کی وجہ سے فیکٹریاں اور دکانیں متاثر ہو رہی ہیں۔


CamScanner

## دکی کی ایک شاہراہ ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے نام سے منسوب!

اس بات کا ذکر ان ہی سطور میں متعدد بار کیا جا چکا ہے کہ جب سے میر سرفراز بگٹی نے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالا ہے وہ عوام الناس کے مسائل کو حل کرنے کے لیے نہ صرف سنجیدہ ہیں بلکہ اس سلسلے میں وہ فوری طور پر اقدامات کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو اس پر عمل درآمد کرنے کی ہدایت دیتے ہیں جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ وہ صحیح معنوں میں ایک عوامی نمائندہ ہونے کا حق ادا کر رہے ہیں۔انہوں نے اب تک عوام کے کافی ایسے مسائل حل کئے ہیں جو سابقہ حکومتیں حل نہیں کر سکی تھیں۔خصوصاً اپوزیشن اراکین اسمبلی کے ساتھ حکومت کا رویہ قابل تعریف ہے کیونکہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کبھی نہیں کیا کہ اپوزیشن اراکین اسمبلی کے فنڈز روکے جائیں اور ان علاقوں میں ترقیاتی کام نہ ہو سکیں وہ اپوزیشن اراکین اسمبلی اور اسمبلی سے باہر کے بھی سیاسی رہنماؤں کو صوبے کی ترقی اور عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے ساتھ رہ کر چلنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں جو کہ صوبے اور اس کی عوام کے بہترین مفاد میں اقدام ہے۔

گذشتہ دنوں سول ہسپتال کوئٹہ میں ایک تیزاب گردی کا واقعہ ہوا تھا جس میں دوران ڈیوٹی ایک لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر ہسپتال میں تعینات ایک لفٹ آپریٹر نے تیزاب پھینکا تھا۔اس دوران ہسپتال کے ایک ملازم عبدالرزاق ترہ کئی نے اپنی جان پر کھیلتے ہوئے ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی مدد کی تھی۔اس کے اس اقدام پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عبدالرزاق ترہ کئی کو نہ صرف بہادری پہ سول ایوارڈ سے نوازا بلکہ اس کے لیے سرکاری نوکری کا اعلان بھی کیا۔جو بعد میں اس کو بھی دے دی گئی اس کو اس سلسلے میں باقاعدہ وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں بلا کر اس کی حوصلہ افزائی کی تھی جو کہ یقیناً قابل تحسین اقدام ہے۔اس سے ایسے افراد کے حوصلے بلند ہوتے ہیں جو انسانیت کی خدمت کرتے ہیں۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے زخمی لیڈی ڈاکٹر کو فوری طور پر علاج کیلئے ایئر ایمبولینس کے ذریعے نہ صرف کراچی منتقل کیا بلکہ اس کے علاج کے تمام اخراجات برداشت کرنے کا بھی کہا۔ان اقدامات سے ڈاکٹر ماہ نور ناصر کافی حد تک صحت یاب ہو چکی ہیں۔اسی تسلسل کو جاری رکھتے ہوئے وزیراعلیٰ نے دکی کی ایک شاہراہ کو ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے نام سے منسوب کرنے کا اعلان کر دیا۔اس سلسلے میں باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ان کے اس اقدام کو اعلیٰ حلقوں میں بڑا سراہا گیا جو کہ وزیراعلیٰ نے عوام دوستی کا واضح ثبوت ہے۔اس سلسلے میں ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے بھائی نے میر سرفراز بگٹی کے ان اقدامات پر اپنے اور خاندان کی جانب سے شکریہ ادا کیا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوامی مسائل کے حل اور ان کو درپیش مشکلات کا ازالہ اور صوبے کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی کی پالیسی قابل تعریف ہے۔کیونکہ ان اقدامات کے مثبت نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔جو کہ یقیناً عوام کے بہترین مفاد میں ہیں۔اس لیے ان کا تسلسل سے جاری رہنا بہت ضروری ہے اس کے ساتھ ساتھ عوام کو درپیش جو مزید مسائل ہیں ان کو بھی حل کرنے کے لیے اقدامات ہونے چاہئیں جو کہ اس وقت انتہائی ناگزیر ہیں۔

CamScanner

# میرٹ سے مالی خود انحصاری تک

بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ذریعے 19 افسران کی میرٹ پر تقرری بظاہر سرکاری بھرتیوں کا ایک معمول کا مرحلہ دکھائی دیتی ہے، لیکن بلوچستان کے مخصوص سیاسی، معاشی اور انتظامی حالات میں اس پیش رفت کی اہمیت کہیں زیادہ ہے۔ یہ معاملہ محض 19 نوجوانوں کو ملازمت دینے کا نہیں بلکہ اس بنیادی سوال سے جڑا ہوا ہے کہ کیا بلوچستان میں سرکاری ملازمت، وسائل اور مواقع کو سفارش، اثر و رسوخ اور سیاسی وابستگی کے بجائے اہلیت اور میرٹ سے جوڑا جاسکتا ہے؟ اور کیا ایک مضبوط اور پیشہ ور ریونیو اتھارٹی بلوچستان کو بتدریج مالی خود انحصاری کی طرف لے جاسکتی ہے؟ 25 اگست کو وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے 19 نو منتخب افسران میں تقرری کے خطوط تقسیم کیے۔ دستیاب رپورٹس کے مطابق انتخاب کا عمل ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ذریعے مکمل کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کسی ایگزیکٹو دفتر سے بھرتیوں کے لیے دباؤ نہیں ڈالا گیا اور یہ تقرریاں میرٹ کی بنیاد پر ہوئیں۔ انہوں نے اس بات کو بھی بطور مثال پیش کیا کہ ان کے اپنے ضلع ڈیرہ بگٹی سے بھی کوئی امیدوار کامیاب نہیں ہوا۔ یہ دعویٰ اپنی جگہ ایک اہم سیاسی اور انتظامی پیغام ہے۔ بلوچستان میں نوجوانوں کی ایک بڑی شکایت طویل عرصے سے یہ رہی ہے کہ سرکاری ملازمتوں تک رسائی شفاف مسابقت کے بجائے سفارش، تعلقات اور سیاسی اثر و رسوخ سے منسلک رہتی ہے۔ اس پس منظر میں اگر کسی اہم صوبائی ادارے میں بھرتی واقعی ایک آزاد اور قابلِ اعتماد ادارے کے ذریعے کھلے مقابلے میں کی گئی ہے تو اسے ایک مثبت مثال قرار دیا جانا چاہیے۔ تاہم اصل کامیابی کسی ایک بھرتی کے عمل سے نہیں بلکہ اس روایت کو مستقل پالیسی بنانے سے ثابت ہوگی۔ میرٹ کوئی تقریب، نعرہ یا ایک مرتبہ کا انتظامی تجربہ نہیں بلکہ ایک پورا انتظام ہے۔ اس نظام میں ملازمت کا اشتہار، اہلیت کا معیار، امتحان، مارکنگ، انٹرویو، حتمی میرٹ لسٹ، اعتراض کا حق اور تقرری تک ہر مرحلہ ایسا شفاف ہونا چاہیے کہ کامیاب اور ناکام دونوں امیدوار اس کی ساکھ پر اعتماد کرسکیں۔ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب میں یاد دلایا کہ وزارتِ اعلیٰ سنبھالتے وقت انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی اور بھرتیوں میں میرٹ کو مقدم رکھا جائے گا۔ انہوں نے محکمہ تعلیم میں 14 ہزار 500 سے زائد اساتذہ کی بھرتیوں کو بھی اسی پالیسی کا حصہ قرار دیا۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی موجودہ تقرریوں کو حکومت اسی سلسلے کا تسلسل قرار دے رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میرٹ کو بلوچستان میں محض انتظامی اصلاح کے بجائے اعتماد سازی کی پالیسی کے طور پر دیکھنے کی ضرورت ہے۔ وزیر اعلیٰ نے درست طور پر اس مسئلے کی نشاندہی کی ہے کہ صوبائی وسائل کا ایک بڑا حصہ غیر ترقیاتی اخراجات میں چلا جاتا ہے۔ مالی سال 2025-26 کے صوبائی بجٹ میں غیر ترقیاتی اخراجات کے لیے تقریباً 642 ارب روپے مختص کیے گئے تھے جبکہ صوبائی ترقیاتی پروگرام کا حجم تقریباً 249.5 ارب روپے تھا۔ یہ فرق بذاتِ خود اس مالی دباؤ کی شدت واضح کرتا ہے جس کا سامنا بلوچستان کو ہے۔ تنخواہیں، پنشن، انتظامی اخراجات، سرکاری ڈھانچے کو چلانے کے اخراجات اور دیگر مستقل مالی ذمہ داریاں اپنی جگہ ناگزیر ہیں، لیکن جب حکومت کی دستیاب رقم کا بہت بڑا حصہ یہی اخراجات جذب کرلیں تو نئے اسکول، اسپتال، سڑکیں، پانی کے منصوبے اور روزگار پیدا کرنے والی سرمایہ کاری محدود ہو جاتی ہے۔

CamScanner

# ایک حال، ایک مستقبل: فیلڈ مارشل کا پاکستان اور بلوچستان کے متحد رہنے کا عزم

میڈیا آئی



عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

بلوچستان پاکستان کے اسٹرٹیجک، اقتصادی، سیکیورٹی اور تاریخی مفادات کے لیے مرکزی حیثیت رکھتا ہے اور اس کے عوام اور وسیع تر پاکستانی آبادی کے درمیان وفاداری اور قومی تعلق کا ایک مضبوط رشتہ قائم ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ پاکستان اور بلوچستان کا حال اور مستقبل ایک ہی ہے اور اس بات پر زور دیا ہے کہ صوبے کے باصلاحیت، محب الوطن، ثابت قدم اور باوقار عوام قوم کی تعمیر میں اہم شراکت دار ہیں اور ان کے جائز خدشات کو دور کیا جانا چاہیے۔ غیر ملکی سرپرستی میں کام کرنے والے پروکسی عناصر پر مقامی شکایتوں کا فائدہ اٹھانے، عدم استحکام پھیلانے، ترقی کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے، سوشل میڈیا کو گمراہ کن انداز میں استعمال کرنے، دہشت گردوں کی مالی معاونت کرنے اور بیگانگی و مظلومیت کا بیانیہ بنا کر نوجوانوں کو متاثر کرنے کا الزام ہے تاکہ بلوچستان اور پاکستان کی وفاقیت کو کمزور کیا جا سکے۔ اس کے جواب میں تدبیر، سیاسی شمولیت، انصاف، تعلیم، روزگار، اقتصادی موقعوں اور نوجوانوں کی بامعنی شرکت کے ساتھ ساتھ قومی یکجہتی اور لچک کی ضرورت ہے۔ پاکستانی اور بلوچ عوام سول سوسائٹی کے اقدامات، کاروباری سرمایہ کاری، سیکیورٹی کی قربانیوں اور وسائل کی تقسیم و صوبائی حقوق سے متعلق سیاسی کوششوں کے ذریعے تعاون کے لیے پرعزم ہیں۔ بلوچستان کا وسیع علاقہ، جو پاکستان کے تقریباً نصف رقبے پر محیط ہے، اس کے گیس، تیل، کوئلے، تانبے، سونے اور دیگر معدنیات کے ذخائر اور سی پیک کے لیے گوادر بندرگاہ کی اہمیت، اقتصادی تبدیلی، سرمایہ کاری، رابطے اور علاقائی تجارت کے لیے امن کو لازمی بناتا ہے۔ سڑکوں، ریلوے، توانائی کے بنیادی ڈھانچے، اسکولوں، ہسپتالوں، صاف پانی اور روزگار کی ترقی معاشی صلاحیتوں کو بیدار کرنے کے ساتھ ساتھ قومی دھارے کے ساتھ بلوچستان کے انضمام کو مضبوط کر سکتی ہے۔ بلوچستان کے سیکیورٹی چیلنجوں میں ایک طویل عرصے سے جاری دہشت گردی شامل ہے جس میں ہزاروں سیکیورٹی اہلکار، شہری اور غیر ملکی شہری شہید ہو چکے ہیں اور جسے معاشی محرومی، سیاسی حاشیے پر دھکیلے جانے اور غیر ملکی ایجنسی کی حمایت سے ہوا ملی ہے۔ دہشت گردوں نے دشمن عناصر سے فنڈز، ہتھیار اور تربیت حاصل کی ہے اور وہ نوجوانوں کو بھرتی کرنے کے لیے وسائل اور ترقی سے متعلق حقیقی شکایتوں کا فائدہ اٹھایا ہے، جبکہ عسکری کارروائیوں نے دہشت گردوں کی صلاحیتوں کو کم کیا ہے اور بہت سے علاقوں میں زیادہ استحکام بحال کیا ہے۔ تاہم، پائیدار امن کے لیے صرف عسکری اقدام سے بڑھ کر کوششوں کی ضرورت ہے، یہی وجہ ہے کہ ترقیاتی کوششوں کا مقصد بنیادی سماجی و معاشی مسائل کو حل کرنا اور مقامی کمیونٹیز کا اعتماد جیتنا ہے۔ نوجوان خاص طور پر اہم ہیں کیونکہ وہ بلوچستان کے مستقبل کو سنوارنے کے لیے ضروری توانائی، تخلیقیت، تعلیم اور آرزوئیں رکھتے ہیں، لیکن بے روزگاری، تعلیم کے ناقص مواقع، ٹیکنالوجی تک محدود رسائی، مایوسی اور ناامیدی انہیں عسکریت پسندوں کی بھرتی کا آسان ہدف بنا سکتی ہے۔ اس لیے تعلیم، فنی تربیت، نجی سرمایہ کاری، علمِ تدبیر و تجارت، جدت طرازی اور روزگار کے ذریعے متبادل فراہم کرنا انتہائی ضروری ہے۔ ایک خاص ترقیاتی پیکیج جس میں نئی یونیورسٹیوں کا قیام، صحت کی دیکھ بھال کی توسیع اور نئے صنعتی زونز شامل ہیں، کو ایک مثبت قدم کے طور پر دیکھا جاتا ہے، بشرطیکہ ان منصوبوں کو شفاف اور موثر انداز میں نافذ کیا جائے تاکہ ٹھوس فوائد حاصل ہو سکیں۔ باہمی احترام، سیاسی شمولیت، صوبائی حقوق کے آئینی تحفظ، سماجی و معاشی ترقی، موثر سیکیورٹی، وسائل کے استعمال اور پاکستانیوں اور بلوچوں کے درمیان تعاون کے ذریعے امن، خوشحالی، قومی یکجہتی اور ایک محفوظ و روشن مستقبل کے مشترکہ مقاصد کو آگے بڑھایا جا سکتا ہے۔ بلوچستان اور باقی پاکستان کے درمیان تاریخی اور ثقافتی روابط قدیم اور گہرے ہیں، جو کئی صدیوں تک اور جدید قومی ریاست کے قیام سے پہلے کے ہیں اور یہ روابط مشترکہ ایمان، مشترکہ روایات اور غیر ملکی تسلط کے خلاف جدوجہد کی ایک بھرپور تاریخ میں پیوست ہیں۔ بلوچ عوام ہمیشہ سے ایک غیور اور آزاد خیال برادری رہے ہیں، جن کے پاس ایک بھرپور ثقافتی ورثہ ہے جس میں ایک منفرد زبان، شاعری اور قصہ گوئی کی ایک متحرک زبانی روایت اور ایک شدید غیرت مندانہ کوڈ شامل ہے جو مہمان نوازی، شجاعت اور وفاداری کو باقی تمام چیزوں سے فوقیت دیتا ہے۔ تاہم، بلوچ ہمیشہ سے وسیع تر اسلامی تہذیب کا بھی حصہ رہے ہیں اور انہوں نے اپنے پاکستانی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ ایک مشترکہ ایمان کا اشتراک کیا ہے جس نے پوری تاریخ میں نسلی اور لسانی اختلافات سے بالاتر ہو کر ایک طاقتور متحد قوت کے طور پر کام کیا ہے۔ 1947 میں پاکستان کا قیام بلوچستان کے لوگوں کے لیے ایک بڑی امید کا لمحہ تھا، کیونکہ انہوں نے اس نئی قوم میں آزادی، انصاف اور مساوات کا وعدہ دیکھا اور انہوں نے اس اعتماد کے ساتھ نئی فیڈریشن میں شامل ہونے کا انتخاب کیا کہ ریاست کے بڑے فریم ورک کے اندر ان کے حقوق اور ان کی شناخت کا احترام کیا جائے گا۔ گزشتہ سالوں کے دوران، غلط فہمیوں اور کشیدگی کے ادوار رہے ہیں، کیونکہ بلوچستان کے لوگوں نے کبھی کبھی یہ محسوس کیا ہے کہ ان کی آواز نہیں سنی جا رہی اور ان کے صوبے کو نظر انداز کیا جا رہا ہے، لیکن بلوچوں کی اکثریت ہمیشہ پاکستان کی وفادار رہی ہے اور انہوں نے بارہا ان دہشت گرد گروہوں کی ترغیبات کو مسترد کیا ہے جو قومی اتحاد کو کمزور کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ملک کی موجودہ قیادت نے، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی رہنمائی میں، بلوچ عوام کی شکایات کو دور کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے سچی لگن کا مظاہرہ کیا ہے کہ ان کے ساتھ قومی پیش رفت میں برابر کے شریک کے طور پر سلوک کیا جائے اور اس کا صوبے کی سیاسی قیادت کی طرف سے بڑے پیمانے پر تفہیم اور اعتراف کیا گیا ہے۔

فیلڈ مارشل عاصم منیر اور بلوچستان کی سیاسی قیادت کے درمیان حالیہ ملاقات ایک تاریخی واقعہ تھا جس نے ریاست اور صوبے کے درمیان تعلقات میں ایک نئے باب کا آغاز کیا، کیونکہ اس کی خصوصیت کھلے پن، باہمی احترام اور صوبے کو درپیش چیلنجز کے حل تلاش کرنے کے مشترکہ عزم کے جذبے سے تھی۔ بلوچستان کے سیاسی رہنماؤں نے، جو مختلف نقطہ ہائے نظر اور مفادات کی نمائندگی کرتے ہیں، اپنے خدشات کا اظہار کرنے اور مستقبل کے لیے اپنے وژن کو شیئر کرنے کے لیے ایک ساتھ آئے اور فیلڈ مارشل نے ان کی بات توجہ سے سنی، انہیں ریاست کی مکمل حمایت اور صوبے کی ترقی و خوشحالی کے لیے اس کے اٹل عزم کا یقین دلایا۔ یہ بات چیت ایک طرفہ نہیں تھی بلکہ افکار کا ایک حقیقی تبادلہ تھی، جہاں ریاست نے اپنی ماضی کی خامیوں کا اعتراف کیا اور بہتر کرنے کا عہد کیا اور جہاں سیاسی رہنماؤں نے صورتحال کی پیچیدگیوں کا اعتراف کیا اور پرامن اور پائیدار حل تلاش کرنے کے لیے ریاست کے ساتھ مل کر کام کرنے کا عہد کیا۔ فیلڈ مارشل کا یہ پیغام کہ بلوچستان اور پاکستان کا حال اور مستقبل ایک ہے اور ہمیشہ ایک رہے گا، صرف ایک سیاسی نعرہ نہیں تھا بلکہ ایک بنیادی سچائی کی توثیق تھی جو پاکستانی قومی شناخت کے قلب میں موجود ہے، ایک ایسی سچائی جو اس تاریخی حقیقت پر مبنی ہے کہ بلوچستان کے لوگ پاکستانی قوم کا ایک لازمی اور انمول حصہ ہیں۔ یہ بیان کہ غیر ملکی اسپانسر شدہ پروکسی عناصر کو عدم استحکام پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جا رہا تھا، ان تمام لوگوں کے لیے ایک واضح اور ضروری تنبیہ تھی جو ملک کے امن و اتحاد کو کمزور کرنے کی کوشش کریں گے اور یہ بلوچستان کے لوگوں کے لیے بھی ایک تنبیہ تھی کہ وہ ہوشیار رہیں اور ان لوگوں کے جھوٹے نعروں کو مسترد کریں جو ان سے ایسے مستقبل کا وعدہ کرتے ہیں جو ان کے مفاد میں نہیں ہے۔ پاکستان کے عوام اور بلوچستان کے لوگ اپنے ملک سے محبت میں متحد ہیں اور وہ ان تمام ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں، خواہ اندرونی ہوں یا بیرونی، جو انہیں تقسیم کرنے کی کوشش کرتے ہیں

# Growing sanitation issue

Keeping the sanitation system of any growing city up to the mark is an inherently difficult task for any government. It requires continuous logistical planning, substantial financial investment, efficient municipal services and rigorous institutional oversight. Yet in Quetta, this challenge has gradually transformed into a chronic urban crisis that demands urgent attention.

The persistent administrative apathy and inefficiency of the authorities concerned, combined with a serious lack of civic responsibility among the public, have collectively degraded the city's urban environment to an alarming degree. Piles of uncollected garbage, choked drainage systems and overflowing sewage on major roads have become increasingly common sights in the provincial capital.

Quetta urgently needs a systematic sanitation overhaul to become a cleaner, greener and more attractive city that can provide its inhabitants with a sense of dignity and wellbeing. Achieving this objective requires a unified effort in which civic agencies and citizens fulfil their respective responsibilities. The government must move beyond promises and ensure the regular collection and safe disposal of waste, effective drainage maintenance and strict enforcement of sanitation regulations. At the same time, citizens must abandon the habit of throwing rubbish onto streets, footpaths and other public spaces.

A sustainable urban environment cannot be created through administrative negligence or public indifference. It requires consistent, daily cooperation between the state and society.

A major contributor to Quetta's worsening sanitation problem is the perpetual delay in municipal development works. The authorities concerned must urgently ensure the timely completion of ongoing projects involving roads, footpaths, sewerage lines and drainage systems. Delays in infrastructure projects do not merely create traffic bottlenecks and inconvenience commuters; they also disrupt existing drainage networks, encourage the accumulation of stagnant wastewater and exacerbate sanitation problems.

To break this vicious cycle, the provincial government and municipal bodies must establish clear accountability mechanisms and realistic deadlines for all urban development contractors. Transparent monitoring systems should also be introduced to ensure that sanitation departments, including the Water and Sanitation Agency (WASA) and the Metropolitan Corporation, perform their duties diligently. Regular inspections, publicly accessible performance assessments and effective complaint mechanisms could help ensure that shortcomings are identified and addressed promptly.

CamScanner